# چلبلوں کی جنگ

ورک شیٹ برائے سبق ۱۵

**متضاد:** وہ الفاظ جن کے معنی ایک دوسرے کے اُلٹ یا ضد ہوتے ہیں۔مثلاً: اندھیرا اور اُجالا، اونچا اور نیچا ۔

۱۔ دیے گئے متضاد الفاظ کو ملائیے۔

| الفاظ | متضاد |
|---|---|
| آباد | موٹا |
| نرم | مشکل |
| بڑا | باسی |
| ٹھنڈا | ویران |
| اوپر | تندرست |
| پتلا | سخت |
| آسان | دوزخ |
| تازہ | چھوٹا |
| بیمار | گرم |
| جنّت | نیچے |

۲۔ دیے گئے جُملوں میں خط کشیدہ الفاظ کے متضاد بنا کر جُملے دوبارہ لکھیے۔

(ا) لڑکا بہت آہستہ دوڑتا ہے۔

(ب) آسمان پر سفید بادل ہیں۔

(ج) یہ پتّھر بہت ہلکا ہے۔

(د) گیند گندی ہوگئی ہے۔

(ہ) درخت بہت طویل ہے۔

(و) رات کو سردی ہوگئی تھی۔

(ز) اس کمرے میں بہت اُجالا ہے۔

(ح) آٹا بہت سستا ہوگیا ہے۔

(ط) یہ سبق بہت مشکل ہے۔

(ی) اس دُکان پر اصلی چیزیں ملتی ہیں۔

۳۔ دیے گئے سادہ جُملوں کو زمانہ حال میں تبدیل کیجیے۔

| سادہ جُملے | زمانہ حال کے جُملے |
|---|---|
| بچّہ اسکول گیا۔ | بچّہ اسکول جاتا ہے۔ |
| ماں نے کھانا بنایا۔ | |
| ہم پارک میں کھیلے۔ | |
| میں نے پانی پیا۔ | |
| وہ کتاب لایا۔ | |
| ہم نے کہانی پڑھی۔ | |
| ردا نے دروازہ کھولا۔ | |
| استاد نے سبق پڑھایا۔ | |